نام: ________________ ٹیسٹ نمبر: فل بک کل نمبر: 75

رول نمبر: ______ سیشن ________ کلاس: نہم کل وقت: 2:30

تاریخ: ________________ حصہ معروضی مضمون: اُردو

سوال نمبر 1۔ ہر سوال کے تحت دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) نشان لگائیے 15

1۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی ساری زندگی قرآن مجید کی تھی:

(الف) تشریح (ب) تفسیر (ج) وضاحت (د) عملی تفسیر

2۔ انسان کی قومی ترقی کی نسبت ہم لوگوں کا خیال ہے کہ ملے کوئی:

(الف) خضر (ب) سخی (ج) حکمران (د) وزیر باتدبیر

3۔ گدلا پانی پودوں کے لیے تھا:

(الف) آبِ حیات (ب) آبِ ہنگ (ج) آبِ حیواں (د) آبِ زر

4۔ کلیم کے پیچھے جو شخص بھاگا، اس کا نام تھا:

(الف) مرزا ظاہر دار بیگ (ب) مرزا زبردست بیگ (ج) مرزا قوی بیگ (د) مرزا جان دار بیگ

5۔ ڈاکٹر کے خیال میں مریض کو دوا سے زیادہ ضرورت تھی:

(الف) نیند کی (ب) تنہائی کی (ج) آرام و سکون کی (د) گپ شپ کی

6۔ شریف حسین کو تانگے میں سوار ہونے کا لطف آتا تھا:

(الف) مہینے کے آخری روز (ب) مہینے کے ابتدائی روز (ج) مہینہ بھر (د) مہینے کے وسط میں

7۔ مورخوں نے ہندوستان کا دروازہ کہا تھا:

(الف) لنڈی کوتل کو (ب) پشاور کو (ج) ہنڈ کو (د) نوشہرہ کو

8۔ فضیلت، عزت اور فرماں روائی کا حصول ممکن ہے:

(الف) شہرت سے (ب) وراثت اجداد سے (ج) مال و دولت سے (د) محنت و مشقت سے

9۔ "سفالِ ہند سے میناو جام پیدا کر" سے علامہ اقبال کی مراد ہے:

(الف) ظروف سازی (ب) اپنے وسائل پر انحصار (ج) مٹی کو سونا بنانا (د) مٹی کے برتن

10۔ بقول میر: "اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی":

(الف) دوا (ب) شفا (ج) دُعا (د) وفا

11۔ "فرہنگ" کا مترادف ہے:

(الف) لغت (ب) فرنگی (ج) فارنگا (د) آفرنگ

12۔ "مقالات" کا واحد ہے:

(الف) قول (ب) قال (ج) مقولہ (د) مقالہ

13۔ لفظ "آرائش" کا مترادف ہے:

(الف) زیبائش (ب) فہمائش (ج) آفرینش (د) آزمائش

14۔ "عروج" کا متضاد ہے:

(الف) جمال (ب) کمال (ج) زوال (د) ہلال

15۔ محاورہ "ٹس سے مس نہ ہونا" کا مطلب ہے:

(الف) پریشان نہ ہونا (ب) ذرا بھی اثر نہ ہونا (ج) جگہ نہ چھوڑنا (د) بات نہ ماننا

adabiduniya.com

## حصہ انشائی (حصہ اول)

**سوال نمبر2: درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے (نظم سے تین اور غزل سے دو):** 10

### حصہ نظم

1۔ پھوٹا جو سینہ شب تار الست سے
اُس نورِ اولیں کا اُجالا تمھی ﷺ تو ہو

2۔ نہال اس گلستاں میں جتنے بڑھے ہیں
ہمیشہ وہ نیچے سے اوپر چڑھے ہیں

3۔ میں شاخِ تاک ہوں، میری غزل ہے میرا ثمر
مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر

4۔ سونپ کر منصبِ آدمیت مجھے
تُو نے بخشی ہے اپنی خلافت مجھے

### حصہ غزل

5. نہ دیکھا غمِ دوستاں، شکر ہے
ہمیں داغ اپنا دکھا کر چلے

6۔ میں خزاں کی شام ہوں رُت بہار کی ہے تُو
میں کہ بے قرار ہوں اور قرار کی ہے تُو

7۔ تم ہی واقف نہ تھے آدابِ جفا سے ورنہ
ہم نے ہر ظلم کو ہنس ہنس کے سہا ہوتا

## حصہ دوم

**سوال نمبر3: درج ذیل نثری پاروں میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے (سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیں):** 10=5+3+1+1

**الف)**

رفتہ رفتہ نیچر کی گردش نے موجودہ نسل کو اس زرخیز اور بے بہا جائیداد کا وارث کیا ہے جو ہمارے پرکھوں کی ہوشیاری اور محنت سے مہیا ہوئی تھی اور وہ جائیداد ہم کو اس لیے نہیں دی گئی ہے کہ ہم صرف مثلِ مار سرگنج اس کی حفاظت ہی کیا کریں، بلکہ ہم کو اس لیے دی گئی ہے کہ اس کو ترقی دیں اور ترقی یافتہ حالت میں آئندہ نسلوں کے لیے چھوڑ جاویں، مگر افسوس صد ہزار افسوس کہ ہماری قوم نے ان پرکھوں کی چھوڑی ہوئی جائیداد کو بھی گوادیا۔

**ب)**

اس میں شک نہیں کہ حسنِ ابدال رونق کی اور عبرت کی جا ہے۔ دونوں طرف انگریزوں کے زمانے کے اونچے اونچے درخت، ڈور تک سبزہ، نالیوں میں بہتا ہوا چشمے کا شفاف پانی، ادھر ادھر پرانی عمارتیں اور مسجدیں۔ ایک طرف سکھوں کا مشہور گردوارہ پنجہ صاحب اور دوسری طرف باباولی قندھاری کی چلہ گاہ۔ کشمیر کی طرف مڑ جانے والی سڑک پر کسی مغل بی بی کی قبر۔ کوئی کہتا ہے کہ اکبر کی بیٹی لالہ رخ تھی۔ وہ یہاں عالمِ شباب میں مر گئی تھی، بعد میں طامس مور نے اپنی ایک نظم میں اسے زندہ کر دیا۔

**سوال نمبر4: کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:** 10

1۔ مسجدِ نبوی کی تعمیر اور خندق کھودنے میں رسالت مآب ﷺ نے کیا کردار ادا کیا؟

2۔ سبق نام دیومالی کے مطابق نیکی اور برائی کا معیار کیا ہے؟

adabiduniya.com

3۔شریف حسین نے سنگِ مرمر کے نفیس ٹکڑے کا استعمال کیا سوچا تھا اور وہ کس کام آیا؟
4۔پاکستان کے شہر اٹک کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟
5۔مولانا حالی کے بقول، اگر جوہرِ مخفی کی خبر نہ لی گئی تو کیا ہو گا؟
6۔شاہ عبداللطیف بھٹائی کے کلام کا منظوم اردو ترجمہ کس نے کیا؟
7۔میر تقی میر کے نزدیک حقِ بندگی کس طرح ادا ہوا ہے؟
8۔شاعرہ پروین شاکر کو طوفان میں سفینہ اتارنے کی شدید خواہش کیوں ہے؟

**سوال نمبر5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے:** 05

(i) نام دیومالی۔ (ii) کتبہ

**سوال نمبر6:**

نظم محنت کی برکات کا مرکزی خیال لکھیے

**یا**

نظم جاوید کے نام کا خلاصہ لکھیے۔ 5=4+1

**سوال نمبر7:** 10

اپنے تعلیمی ادارے کے سربراہ کے نام کریکٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے

**یا**

اپنے چچا جان کے نام خط لکھیے جس میں چچی جان کی بیماری پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے مزاج پرسی کی جائے۔

**سوال نمبر8:** 05

دودھ میں پانی کے عنوان پر کہانی لکھیے

**یا**

مریض اور ڈاکٹر کے درمیان علاج معالجے سے متعلق ایک مکالمہ لکھیے۔

**سوال نمبر9: کوئی سے پانچ اجزاء کی درستی یا تکمیل کیجیے:** 05

1۔عزیز نے گلاس کو توڑا۔
2۔عورتوں نے کہا ہم آئی ہیں۔
3۔اس نے کراچی جانا ہے۔
4۔شازہ نے کاپی اور قلم خریدا اور اسے اپنے بیگ میں رکھا۔
5۔ایک انار------------------
6۔جیسا دیس-----------
7۔ناچ نہ جانے------------

adabiduniya.com